# دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

### پریس ریلیز

### تعلق اور سماجی رابطہ کے موضوع پر ہونے والی عالمی تحقیق کے فروغ میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی اہم خدمت

New Delhi, December 22, 2025

جامعہ ملیہ اسلامیہ کو یہ بتاتے ہوئے مسرت ہورہی ہے کہ اس نے ایک بڑے بین الاقوامی تحقیقی پہل میں اپنی خدمات پیش کی ہیں جس میں اس بات کا جائزہ لیا جارہا ہے کہ سماجی روابط، تنہائی اور وابستگی جیسی باتیں کیسے بہتر طور پر سمجھی جاتی ہیں اور مختلف تہذیبی تناظرات میں ان کا کیسا تجربہ کیسا ہوتا ہے۔

صدر شعبہ نفسیات پروفیسر صائمہ بانو اور سینئر رسرچ فیلو جناب سید ابراہیم مبشر ایس ایم اس رسرچ ٹیم کے رکن تھے۔ ہندوستان کی طرف سے جاری تحقیق کے نتائج کو انڈیا کنٹری رپورٹ کے حصے کے طور پر جاری کیا گیا ہے جو انیسے بیہے وربیئل سائنس لیب کی سربراہی والے کثیر ممالک کا معیاری تحقیقی پروگرام کا ایک جزو ہے۔

ڈاکٹر ہنس روچا ازرمن اور ڈائریکٹر ڈاکٹر میگوئل انیسے بیہے وریئل سائنس لیب کے سرونگ ڈائریکٹر اور کو ڈائریکٹر علی الترتیب اس بین الاقوامی پروجیکٹ کی سربراہی کررہے ہیں۔ اے بی ایس ایل میں سینئر کنسلٹنٹ پرکھر سریواستو ہندوستانی تحقیقی کوششوں کے سربراہ اور رابطہ کار ہیں۔ ہندوستان بھر میں گہرائی سے کیے گئے انٹرویوز کی بنیاد پر رپورٹ جائزہ لیتی ہے کہ ہندوستانی تناظر میں تہذیبی اقدار، خاندانی ساخت، کمیونیٹی زندگی اور سماجی تبدیلی تعلق اور تنہائی کے جذبات کو کس طرح سمت دیتی ہے۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ